شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے' ماڈل ٹائون لاہور' فون: 042-35869501' ای میل: media@tanzeem.org

02اگست2024ء

پریس ریلیز

اسرائیل جنگ کو پھیلا کر گریٹر اسرائیل کے منصوبے کو پایۂ تکمیل تک پہنچانا چاہتا ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): اسرائیل جنگ کو پھیلا کر گریٹر اسرائیل کے منصوبے کو پایۂ تکمیل تک پہنچانا چاہتا ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ حماس کے سربراہ اسماعیل ہنیہ کو ایران میں شہید کر دیا گیا جس سے ایک مرتبہ پھر واضح ہو گیا ہے کہ اسرائیل نہ صرف غزہ کو صفحۂ ہستی سے مٹانے پر تُلا ہوا ہے بلکہ اب دیگر مسلمان ممالک کو بھی جنگ میں گھسیٹنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہا ہے تاکہ پوری دنیا کے امن کو تباہ کیا جائے۔ ناجائز صہیونی ریاست کی تاریخ شاہد ہے کہ اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لیے وہ مسلمان ممالک کو ہی آپس میں دست و گریبان کروا دیتی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ تقریباً 10 ماہ سے جاری غزہ کے مسلمانوں کی نسل کُشی میں اسرائیل کو امریکہ، مغربی یورپ کے اکثر ممالک اور بھارت کا مکمل تعاون حاصل ہے۔ جس کی واضح مثال اُس وقت دیکھنے میں آئی جب جنگی مجرم نیتن یاہو کے حالیہ دورۂ امریکہ کے دوران اُس کا والہانہ استقبال کیا گیا۔ امریکی کانگرس میں نیتن یاہو نے اپنی تقریر کے دوران نہ صرف غزہ، مغربی کنارے اور مشرقی یروشلم میں بسنے والے مسلمانوں کا صفایہ کرنے کی دھمکی دی بلکہ اس اعلان کو بھی دہرایا کہ حماس کے قائدین کو دیگر ممالک میں بھی نشانہ بنایا جائے گا۔ نیتن یاہو کی جانب سے ریاستی دہشت گردی کے اس کُھلم کُھلا اظہار پر امریکی کانگرس میں موجود غلام صہیونی نمائندگان نے درجنوں بار تالیاں پیٹیں۔ امیر تنظیم نے زور دے کر کہا کہ ایران میں اسماعیل ہنیہ کی ٹارگٹ کلنگ کے سانحہ کے بعد تمام مسلمان ممالک کو اسرائیلی درندگی اور دہشت گردی کے خلاف عملی اقدامات اُٹھانے ہوں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ امتِ مسلمہ کے ایک اہم قائد کو سرکاری دورہ کے دوران شہید کر دیا جانا ایرانی سیکیورٹی کی بھی بہت بڑی ناکامی ہے جس کی مکمل اور شفاف تحقیقات ضروری ہیں۔ امیر تنظیم نے کہا کہ اللہ اور رسول ﷺ سے بغاوت کی روش نے امتِ مسلمہ کو آج ذلیل و رسوا کر رکھا ہے۔ محض نیتن یاہو کو جنگی مجرم کہہ دینے اور اسماعیل ہنیہ کی شہادت پر یومِ سوگ منا لینے سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے اسرائیلی کو ظلم اور درندگی سے روکا جا سکتا ہے۔ اگر اب بھی مسلمان ممالک کے حکمران اور مقتدر حلقے فلسطینی مسلمانوں کی مدد کے لیے عملی اقدامات نہیں اٹھاتے تو دنیا کی رسوائی کے ساتھ آخرت میں بھی مجرم قرار پائیں گے۔ اللہ تعالیٰ غزہ کے مسلمانوں کی نصرت فرمائے اور امتِ مسلمہ کو غیرت ایمانی عطاء فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ

خورشید انجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

Tanzeem-e-Islami

PRESS RELEASE: Friday 02 August 2024

Israel is seeking to expand the war to complete its Greater Israel project.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami **Shujauddin Shaikh** in a statement. The Ameer mentioned that Hamas leader Ismail Haniyeh embraced *shahadah* in Iran, which once again made it clear that Israel is not only adamant to erase Gaza from the map but is also making every effort to drag other Muslim countries into the war, thereby aiming to destroy global peace. The history of the illegitimate Zionist state shows that to achieve its nefarious objectives, it pits Muslim countries against each other. The Ameer stated that Israel has received full support from the United States, most Western European countries, and India in the ongoing genocide of Gaza's Muslims, which has been happening for approximately ten months. A clear example of this support was seen during the recent visit of war criminal Netanyahu to the United States, where he was warmly welcomed. In his speech to the U.S. Congress, Netanyahu not only threatened to eliminate the Muslims living in Gaza, the West Bank, and East Jerusalem but also reiterated the announcement that Hamas leaders would be targeted in other countries as well. The open declaration of state terrorism by Netanyahu was met with multiple rounds of applause by the slavish Zionist representatives in the U.S. Congress. The Ameer emphasized that after the tragic *shahadah* of Ismail Haniyeh in a targeted killing in Iran, all Muslim countries must take practical steps against Israeli brutality and terrorism. The fact is that the *shahadah* of an important leader of the Muslim Ummah during an official visit is an utter failure of Iranian security, which necessitates a thorough and transparent investigation. The Ameer stated that the rebellious attitude against Allah *(SWT)* and His Messenger *(SAAW)* has humiliated and disgraced the Muslim Ummah today. Merely labeling Netanyahu as a war criminal and observing a day of mourning for Ismail Haniyeh's *shahadah* will not stop Israel's cruelty and savagery; practical steps are needed. If the rulers and establishments of Muslim countries do not take practical steps to help the Palestinian Muslims now, they will be deemed guilty not only in this world but also in the Hereafter. May Allah *(SWT)* help the Muslims of Gaza and grant the Muslim Ummah a sense of true faith. *Ameen!*

Issued by:
Khursheed Anjum
Markazi Nazim Nashr o Ishaat